37662- نفاس والی عورت نے چالیس یوم مکمل کر لیے لیکن پاک نہیں ہوئی کیا وہ روزہ رکھے اور نماز ادا کرنی شروع کر دے ؟

سوال

کیا ولادت کے بعد عورت پر رمضان کے روزے رکھنے واجب ہیں، کیونکہ وہ نفاس کے چالیس یوم تو مکمل کر چکی ہے لیکن ابھی تک خون بند نہیں ہوا اور وہ پاک نہیں ہوئی ؟

پسندیدہ جواب

علماء کرام نے نفاس کی زیادہ سے زیادہ مدت میں اختلاف کیا ہے، جمہور علماء کرام نے تو اس کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس یوم قرار دی ہے، آپ اس کی تفصیل کے لیے سوال نمبر (10488) کے جواب کا مطالعہ کریں۔

لھذا اس بنا پر۔ وہ عورت جسے چالیس یوم سے زیادہ نفاس کا خون آئے تو اگر یہ خون اس کی ماہواری کے موافق ہو تو یہ حیض ہو گا، لیکن اگر موافق نہ ہو تو پھر استحاضہ کا خون شمار کیا جائے گا، اس لیے چالیس یوم کے بعد وہ غسل کرے اور نماز ادا کرے اور اگر رمضان میں ہو تو روزے بھی رکھے، وہ پاک ہو گی اور اس کے احکام بھی پاک عورتوں کے ہی ہونگے۔

واللہ اعلم .